Session 20th
No. 366
Date 28/10/2021
Department Interprovincial Coordation

عنایت اللہ خان

ممبر صوبائی اسمبلی پی کے 12 دیر بالا

تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب!

میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا قواعد انضباط مجریہ 1988ء کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسلہ سے متعلق تحریک التواء پیش کرتا ہوں جو کہ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) نے خیبر پختونخوا کے 3150 میگاواٹ کے 40 منصوبوں کو (indicative Generation Capacity Expansion Plan) کے تحت دس سالہ پلان سے خارج کرنے سے صوبہ بھر کے عوام میں شدید تشویش سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب!

ملک بھر میں کورونا کی صورت میں پھیلی عالمی وباء سے معمولات زندگی گزشتہ دوسالوں سے پہلے ہی شدید متاثر ہیں جبکہ ملک بھر بالخصوص ہمارے صوبے میں بجلی کی ناروالوڈ شیڈنگ سے عوام کی مشکلات بھی مزید بڑھ گئی ہیں۔ایسے وقت میں توانائی کے اہم منصوبہ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) نے خیبر پختونخوا کے 3150 میگاواٹ کے 40 منصوبوں کو (indicative Generation Capacity Expansion Plan) کے تحت دس سالہ پلان سے خارج کر کے صرف 788 میگاواٹ کے دس منصوبوں کو آئی جی سی ای پی میں شامل کیا ہے۔اور ہمارے صوبے کے پن بجلی کے منصوبوں کو مہنگے قرار دیکر دس سالہ پلان سے خارج کر دیا گیا ہے جس سے صوبہ خیبر پختونخوا کو تقریباً 9 بلین امریکی ڈالرز کی غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کا نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔حکومت نے دس سالہ پلان میں ان منصوبوں کو بھی شامل نہیں کیا ہیں جن کے لئے صوبائی حکومت نے کوریا کی سرکاری کمپنیوں کے ساتھ باقاعدہ ایم او یو سائن کئے ہیں۔یہ ایک انتہائی اہم عوامی مفاد کا مسلہ ہے۔لہذا میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کاروائی کو روک کر اس انتہائی اہم عوامی مسلے کو زیر بحث لانے کے لئے اس تحریک التواء کو بحث کے لئے منظور کیا جائے تا کہ اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جاسکے اور اس فیصلے سے عوام میں پائی جانی والی تشویش کا سد باب ممکن ہو سکے۔بہت شکریہ

1، عنایت اللہ خان
ایم پی اے پی کے 12

2، سراج الدین خان
ایم پی اے پی کے 102

3، حمیرا خاتون
ایم پی اے

ADJOURNMENT MOTION

Session No. 20th
Notice No. 366
Received Time: 2:30
Received Date 28/X/2021
From Mr. / Ms. عنایت اللہ ,MPA
Receiver Sign: